# یُوایلؔ
# کی نبُوّت

1 یَاھوِہ کا کلام جو پتھوایلؔ کے بیٹے یُوایلؔ پر نازل ہُوا۔

## ٹِڈّیوں کا حملہ

2 اَے رہنماؤں سُنو؛
اَے مُلک کے تمام باشِندو کان لگا کر میری بات سُنو۔
کیا تمہارے یا، آپ کے آباؤاَجداد کے زمانے میں؟
تمہارے آباؤاَجداد کے ایّام میں کبھی اَیسا ہُوا؟
3 اَپنی اَولاد سے اُس کا تذکرہ کرو،
اَور تمہاری اَولاد اَپنی اَولاد کو،
اَور اُن کی اَولاد آنے والی نَسل کو بتائیں۔
4 جو کچھ ٹِڈّیوں کے غول سے بچا
اُسے بڑی ٹِڈّیوں نے کھا لیا؛
اَورجو بڑی ٹِڈّیوں نے چھوڑ دیا
اُسے جَوان ٹِڈّیوں نے کھا لیا؛
اَورجو جَوان ٹِڈّیوں نے چھوڑ دیا
اُسے دُوسری ٹِڈّیوں نے کھا لیا۔

5 اَے متوالوں، جاگو اَور رو!

اَے مَے نوشی کرنے والوں، ماتم کرو؛
نئی مَے کی خاطِر ماتم کرو،
کیونکہ وہ تمھارے لبوں سے چھین لی گئی ہے۔
6 ایک قوم نے میرے مُلک پر حملہ کر دیا ہے؛
اُن کی زبردست فَوج اَور تعداد میں بے شُمار ہے؛
اُن کے دانت شیرببر کے دانتوں کی مانند ہیں،
اَور اُن کی داڑھیں شیرنی کی داڑھوں کے مانند ہیں۔
7 اُس قوم نے میری انگور کی بیلوں کو اُجاڑ ڈالا
اَور میرے اَنجیر کے درختوں کو تباہ کر دیا ہے۔
اُنہُوں نے اُن کی چھال چھیل ڈالی
اَور اُنہیں پھینک دیا ہے،
جِس سے اُن کی شاخیں سفید ہو گئیں ہیں۔

8 جِس طرح دُلہن اَپنے جَوان خَاوند کے لئے ٹاٹ پہن کر ماتم کرتی ہے
ٹھیک اُسی طرح تُم بھی ماتم کرو۔
9 اناج کی نذریں اَور تپاون نذریں،
یَاہوِہ کے گھر سے موقُوف ہو چُکے ہیں۔
یَاہوِہ کی حُضُوری میں خدمت گذار کاہِنؔ
ماتم کر رہے ہیں۔
10 کھیت تباہ ہو گئے،
اَور زمین خشک ہو گئی؛
اناج برباد ہو گیا،
اَور نئی مَے سُوکھ گئی،

اَور زَیتُون کا تیل ختم ہو گیا۔

11 اَے کِسانوں، مایوس ہو جاؤ،
اَے تاکستان کے باغبانوں، نوحہ کرو؛
گیہُوں اَور جَو کے لئے ماتم کرو،
کیونکہ کھیتوں کی فصل برباد ہو چُکی ہیں۔
12 انگور کی بیل سُوکھ گئی
اَور اَنجیر کا درخت مُرجھا گیا؛
انار، کھجور اَور سیب کے درخت
الغرض کھیت کے تمام درخت سُوکھ گئے ہیں۔
یقیناً بنی آدمؔ کی خُوشی بھی
مُرجھا گئی ہے۔

نوحہ خوانی

13 اَے کاہِنوں، ٹاٹ پہن لو اَور ماتم کرو؛
اَے مذبح کے خدمت گزارو، ماتم کرو۔
اَے میرے خُدا کے خدمت گزارو،
آؤ اَور ٹاٹ اوڑھے ہُوئے رات گُزارو؛
کیونکہ اناج کی نذر اَور تپاون کی نذر کی قُربانیاں
تمہارے خُدا کے گھر سے موقُوف ہو چُکے ہیں۔
14 مُقدّس روزہ کا اعلان کرو؛
اَور مُقدّس اِجتماع طلب کرو۔
رہنماؤں کو
اَور مُلک کے تمام باشِندوں کو

یَاھوِہ اَپنے خُدا کے گھر میں آنے کا فرمان سُناؤ،
اَور یَاھوِہ سے فریاد کرو۔

15 اُس دِن پر افسوس!
کیونکہ یَاھوِہ کا دِن نزدیک ہے،
اَور وہ قادرمُطلق کی طرف سے تباھی کی مانند آئے گا۔

16 کیا ھماری اَپنی آنکھوں کے سامنے
رسد موقُوف نہیں ھُوئی۔
اَور ھمارے خُدا کے گھر سے
خُوشی اَور شادمانی جاتی نہ رھی؟
17 مٹّی کے ڈھیلوں کے نیچے
بیج جھُلس گئے۔
گودام خستہ حال ھیں،
اَور کھتّے توڑ دئیے گئے ھیں،
کیونکہ کھیتی سُوکھ گی ہے۔
18 مویشی کیسے کراہ رہے ھیں!
ریوڑ چکّر کاٹ رہے ھیں
کیونکہ اُن کے لئے چراگاہ نہیں ہے،
یہاں تک کہ بھیڑوں کے گلّے بھی بدحال ھیں۔

19 اَے یَاھوِہ، مَیں آپ کے حُضُور میں فریاد کرتا ھُوں،
کیونکہ آگ نے بیابان کی چراگاھوں کو بھسم کر ڈالا ہے
اَور شُعلوں نے جنگل کے تمام درختوں کو جَلا ڈالا ہے۔

20 یہاں تک کی جنگلی جانور بھی آپ کے لئے ھانپتے ھیں؛
پانی کے چشمے سُوکھ چُکے ھیں
اَور آگ نے بیابان کی چراگاھوں کو بھسم کر ڈالا ہے۔

# 2

## ٹِڈّیوں کی فَوج

1 صِیّونؔ میں نرسنگا پھُونکو؛
میرے کوہِ مُقدّس پر خطرہ کی خبر سُناؤ۔

مُلک کے تمام باشِندے تھرتھرائیں،
کیونکہ یَاھوِہ کا دِن آ رہا ہے۔
وہ بالکُل قریب آ گیا ہے۔
2 وہ تاریکی اَور اُداسی کا،
اَور کالے بادل اَور ظلمت کا دِن ہے۔
جَیسے پہاڑوں پر صُبح کی رَوشنی پھیلتی ہے
وَیسے ھی ایک بڑی اَور زبردست فَوج آ رہی ہے،
اَیسا جو قدیم زمانہ میں کبھی نہیں ھُوا تھا
اَور نہ ھی مُستقبِل میں کبھی اَیسا ھوگا۔

3 اُن کے آگے آگے آگ بھسم کرتی جاتی ہے،
اَور اُن کے پیچھے شُعلے کی لپٹیں ھیں۔
اُن کے سامنے کی زمین باغِ عدنؔ کی مانند ہے،
اَور اُن کے پیچھے ایک ویران بیابان ہے۔

کوئی چیز اُن سے نہیں بچ پاتی۔
4 اُن کی شکل گھوڑوں کی مانند ہے؛
اَور وہ فَوجی گُھڑسوار کی سرپٹ دَوڑتے ہیں۔
5 اُن کے آگے بڑھنے کی آواز گویا
پہاڑوں کی چوٹیوں پر دَوڑنے والے رتھوں کی مانند ہے،
وہ شُعلہ زن کی مانند بھُوسے کو بھسم کردیتی ہے،
اَور وہ میدانِ جنگ کے لئے تیّار ایک زبردست فَوج کی مانند ہیں۔

6 اُن کے سامنے قومیں خوفزدہ ہو جاتی ہیں؛
اَور ہر ایک چہرہ خوف سے پیلا پڑ جاتا ہے۔
7 وہ جنگی سُورماؤں کی طرح چلتے ہیں؛
اَور جنگی سپاہیوں کی طرح دیواروں پر چڑھ جاتے ہیں۔
وہ سَب ایک ہی صف میں چلتے ہیں،
اَور اَپنی صف نہیں توڑتے۔
8 وہ ایک دُوسرے کو دھکّا نہیں دیتے؛
ہر ایک سیدھا آگے کو کُوچ کرتا ہے۔
وہ جنگی مورچوں کو بغیر
اَپنی صف کو توڑے آگے بڑھتے ہیں۔
9 وہ شہر پر ٹوٹ پڑتے ہیں؛
اَور دیوار پر دَوڑتے ہیں۔
وہ گھروں پر چڑھ جاتے ہیں؛
اَور چوروں کی مانند کھڑکیوں سے گھُس جاتے ہیں۔

10 اُن کے سامنے زمین کانپتی ہے،
اَور آسمان لرزتا ہے،
آفتاب اَور مہتاب تاریک ہو جاتے ہیں،
اَور سِتارے چمکنا چھوڑ دیتے ہیں۔
11 یَاہوِہ اَپنی فَوج کے آگے ہوکر
بُلند آواز سے گرجتا ہے؛
کیونکہ اُن کی فَوج لاتعداد ہے،
اَور اُن کے حُکم بردار زبردست ہیں۔
یَاہوِہ کا دِن عظیم ہے؛
وہ نہایت خوفناک ہے۔
کون اُسے برداشت کر سکے گا؟

## اَپنے دِل کو چاک کرو

12 یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں، اَب بھی،
اَپنے پُورے دِل سے،
روزہ رکھ کر روتے اَور ماتم کرتے ہُوئے میری طرف لَوٹ آؤ۔

13 اَپنے کپڑوں کو نہیں
بَلکہ اَپنے دِل کو چاک کرو۔
یَاہوِہ اَپنے خُدا کی طرف لَوٹو،
کیونکہ وہ نہایت کریم اَور رحیم ہے،
قہر کرنے میں دھیما اَور شفقت میں غنی ہے،
اَور وہ عذاب نازل کرنے سے باز رہتا ہے۔
14 کون جانتا ہے؟ شاید وہ پلٹ کر رحم کھائے

اَور اَیسی برکت دے جائے۔
جو یَاھوِہ تمہارے خُدا کے لئے
اناج کی نذر اَور تپاون کی نذر کی قُربانی ہو۔

15 صِیّونؔ میں نرسنگا پھُونکو،
مُقدّس روزہ کا اعلان کرو،
اَور مُقدّس اِجتماع طلب کرو۔
16 لوگوں کو جمع کرو،
اِجتماع کو مُقدّس کرو؛
رہنماؤں کو جمع کرو،
بچّوں اَور شیرخواروں کو بھی جمع کرو۔
دُلہا اَپنے کوھبر
اَور دُلہن اَپنی خلوت گاہ سے نکل آئے۔
17 یَاھوِہ کے خدمت گزار کاہِنؔ،
بیت المُقدّس کی دیوڑھی اَور قُربان گاہ کے درمیان رو رو کر کہیں۔
اَے یَاھوِہ، "اَپنے لوگوں پر رحم کیجئے۔
اَپنی مِیراث کی توھین نہ ہونے دیں،
اَور نہ ہی اُنہیں غَیر قوموں میں ضرب المثل بننے دیں۔
وہ لوگوں کے درمیان یہ کیوں کہیں کہ
اُن کا خُدا کہاں ہے؟"

## یَاھوِہ کا جَواب

18 تَب یَاھوِہ کو اَپنے مُلک کے لئے غیرت آئی

اَور وہ اَپنے لوگوں پر رحم کیا۔
19 تَب یَاھوِہ نے اَپنی قوم سے مُخاطب ہُوا:
”مَیں تمہارے لِئے اناج، نئی مَے اَور زَیتُون کے تیل بھیج رہا ہُوں،
جِن سے تُم سیر ہوگے؛
اَور مَیں پھر کبھی قوموں کے درمیان
تمہاری رُسوائی نہ ہونے دُوں گا۔

20 ”مَیں شمالی فَوج کو تُم سے بہت دُور کر دُوں گا،
اَور اُسے خشک اَور بنجر مُلک میں دھکیل دُوں گا،
اُس کی صفیں مشرقی بحرِمُردار میں
اَور صفیں مغربی بحرِ رُوم میں ڈُوب جائیں گی۔
اَور اُس سے بدبُو اُٹھے گی؛
جِس سے بُو پھیلے گی۔“

یقیناً اُنہُوں نے نہایت بُرے کام کِئے ہیں۔
21 اَے مُلکِ یہُوداہؔ، تُو مت ڈر؛
شادمان ہو اَور خُوشی منا۔
یقیناً یَاھوِہ نے بڑے بڑے کام کِئے ہیں۔
22 اَے جنگلی جانورو، تُم مت ڈرو،
کیونکہ بیابان کی چراگاھیں ھری بھری ھو رھی ھیں۔
درختوں پر پھل لگ رہے ہیں؛
اَنجیر کے درخت اَور انگور کی بیلیں اَپنی پیداوار دے رہے ہیں۔
23 اَے صِیّونؔ کے لوگوں، خُوش ہو جاؤ،

یَاھوِہ اَپنے خُدا میں شادمان ھو،
کیونکہ اُس نے اَپنی صداقت سے
تُمھیں خزاں کے موسم کی بارش بخشی۔
یعنی خزاں اَور بہار دونوں موسموں میں،
پہلے کی طرح ھی مینہ برسائے گا۔
24 کھلیان اناج سے بھر جائیں گے،
اَور حوض نئی مے اَور زَیتُون کے تیل سے لبریز ھوں گے۔

25 اَور جِن سالوں کی پیداوار ٹِڈّیوں نے کھا لی ھیں،
یعنی اُن بڑی اَور چُھوٹی ٹِڈّیوں نے
میں اُس نُقصان کی بھرپائی کر دُوں گا۔
جسے ٹِڈّیوں کی فَوج نے کھا لیا
یعنی اُس زبردست فَوج نے جنہیں مَیں نے تمھارے درمیان بھیجا
تھا۔
26 تُم پیٹ بھر کے کھاؤگے اَور سیر ھوگے،
اَور یَاھوِہ اَپنے خُدا کے نام کی تمجید کروگے،
جنہوں نے تمھارے لِئے عجِیب و غریب کام کئے ھیں؛
میرے لوگ پھر کبھی شرمندہ نہ ھوں گے۔
27 تَب تُم جان لوگے کہ میں اِسرائیل میں سکونت پذیر ھُوں،
اَور یہ بھی کہ مَیں یَاھوِہ تمھارا خُدا ھُوں،
اَور کوئی دُوسرا نہیں ھے؛
میرے لوگ پھر کبھی شرمندہ نہ ھوں گے۔

## یَاھوِہ کا دِن

28 اَور اِس کے بعد،
مَیں تمام لوگوں پر اَپنا رُوح نازل کروں گا۔
تمہارے بیٹے اَور بیٹیاں نبُوّت کریں گی،
تمہارے بُزرگ خواب دیکھیں گے،
اَور تمہارے نوجوان رُویا دیکھیں گے۔
29 اُن دِنوں میں، میں اَپنے خادِم اَور خادِموں پر بھی،
اَپنا رُوح نازل کروں گا۔
30 میں اُوپر آسمان میں
اَور نیچے زمین پر معجزے دِکھاؤں گا،
یعنی خُون، اَور آگ اَور گاڑھا دُھواں۔
31 اِس سے پہلے کہ یَاھوِہ کا خوفناک روزِ عظیم آئے،
آفتاب تاریک ہو
اَور ماھتاب خُون کی طرح سُرخ ہو جائے گا۔
32 اَورجو کوئی یَاھوِہ کا نام لے کر
پُکارے گا نَجات پائے گا،
کیونکہ یَاھوِہ کے قول کے مُطابق
کوہِ صِیّونؔ پر اَور یروشلیمؔ میں
جِن باقی بچے لوگوں کو
یَاھوِہ بُلائیں گے
وہ نَجات پائیں گے۔

# 3

## قوموں کا اِنصاف

1 اُن ایّام میں اَور اُس وقت،
جَب مَیں یہُودیہؔ اَور یروشلیمؔ کے لوگوں کو اسیری سے چھُڑا لاؤں
گا،
2 تَب میں سَب قوموں کو جمع کرکے
اُنہیں یہوشافاطؔ کی وادی میں لے آؤں گا۔
وہاں میں اَپنی مِیراث یعنی اَپنی قوم اِسرائیل کے متعلّق
اُن کے خِلاف فیصلہ کروں گا،
کیونکہ اُنہُوں نے میرے لوگوں کو مُختلف قوموں میں بِکھیر دیا تھا
اَور میرے مُلک کو تقسیم کر دیا۔
3 اُنہُوں نے میرے لوگوں کے لِئے قُرعہ ڈالا
اَور کسبیوں کے بدلے میں لڑکوں کا سَودا کیا،
اَور لڑکیوں کو فروخت کیا، تاکہ وہ مے نوشی کریں۔
4 "اَب اَے صُورؔ اَور صیدونؔ اَور فلسطین کے تمام علاقہ، تُمہیں میرے
خِلاف کیا شکایت ہے؟ کیا تُم مُجھے میرے کسی کام کا صِلہ دے رہے
ہو؟ اگر تُم مُجھے لَوٹا بھی رہے ہو تو میں فوراً نہایت عجلت سے جو کچھ
تُم نے کیا ہُواہے، تمہارے ہی سَروں پر ڈال دُوں گا۔
5 کیونکہ تُم نے میری چاندی اَور میرا سونا لے لیا اَور میرے نفیس
خزانے اَپنے مَندِروں میں رکھ لیا ہے۔
6 تُم نے یہُودیہؔ اَور یروشلیمؔ کے لوگوں کو یُونانیوں کے ہاتھ فروخت
کیا تاکہ تُم اُنہیں اُن کے مادرِ وطن سے دُور کر دو۔

7 ”دیکھو، میں اُنہیں اُن مقامات سے جہاں تُم نے اُنہیں بیچا ہے
اُبھاروں گا اَور تُم نے جو کُچھ کِیا اُسے تمہارے سَر پر لَوٹاؤں گا۔
8 مَیں تمہارے بیٹوں اَور بیٹیوں کو اہلِ یہُوداہؔ کے ہاتھ بیچوں گا اَور
وہ اُنہیں شبائیوں کے ہاتھ فروخت کریں گے جو بہت دُور رہنے والی
قوم ہے۔“ یہی یَاہوِہ کا فرمان ہے۔
9 مُختلف قوموں میں اعلان کرو،
جنگ کی تیّاری کرو!
سپاہیوں کو جگاؤ!
تمام جنگجو مَرد قریب آ کر حملہ کریں۔
10 اَپنے اَپنے ہلوں کے پھالوں کو پیٹ کر تلواریں
اَور اَپنے اَپنے درانتیوں کو پیٹ کر نیزے بنالو۔
جو کمزور ہو وہ بھی کہے کہ
”میں زورآور ہُوں!“
11 اَے اِردگرد کی تمام قوموں جلدی آ جاؤ،
اَور وہاں جمع ہو جاؤ۔

اَے یَاہوِہ اَپنے جنگجو سپاہیوں کو لے آ!

12 ”قومیں جاگ اُٹھیں؛
اَور وہ یہوشافاطؔ کی وادی کی طرف کوچ کریں،
کیونکہ مَیں وہاں تخت نشین ہوکر
چاروں طرف کی سَب قوموں کا اِنصاف کروں گا۔
13 درانتی لگاؤ،
کیونکہ فصل پک گئی ہے۔

آؤ اَور انگوروں کو روندو،
کیونکہ کی انگوری حوض لبالب بھرا ہے
اَور حوض لبریز ہے۔
کیونکہ اُن کی بدکاری بہت بڑی ہے!“

14 فیصلہ کی وادی میں
ہُجوم ہی ہُجوم ہے!
کیونکہ فیصلہ کی وادی میں
یَاہوِہ کا دِن نزدیک ہے۔
15 آفتاب اَور مَہتاب تاریک ہو جائیں گے،
اَور سِتارے بے نُور ہو جائیں گے۔
16 یَاہوِہ صِیّونؔ سے دھاڑے گا
اَور یروشلیمؔ سے گرجے گا؛
جِس سے آسمان اَور زمین کانپ اُٹھیں گے۔
لیکن یَاہوِہ اَپنے لوگوں کے لئے پناہ گاہ،
اَور بنی اِسرائیل کے لئے قلعہ ہوگا۔

## خُدا کے لوگوں کے لئے برکتیں

17 ”تَب تُم جان لوگے کہ میں یَاہوِہ تمہارا خُدا،
اَپنے مُقدّس پہاڑ صِیّونؔ میں سکونت کرتا ہُوں۔
یروشلیمؔ مُقدّس مقام ہوگا؛
اَور پردیسی پھر کبھی اُس پر حملہ نہیں کریں گے۔

18 ”اُس وقت پہاڑوں پر سے نئی مَے ٹپکے گی،

اَور ٹیلوں پر سے دُودھ بہے گا؛
اَور یہُوداہؔ کے تمام نالوں میں پانی بہنا جاری رہے گا۔
اَور یَاہوِہ کے گھر میں سے ایک چشمہ پھوٹ نکلے گا
جو شِطِّیمؔ کی وادی کو سیراب کرے گا۔
19 چونکہ اُنہُوں نے یہُوداہؔ پر ظُلم ڈھائے،
اَور اُن کے مُلک میں بےگُناہوں کا خُون بہایا،
اِس لیٔے مِصر ویران ہو جائے گا،
اَور اِدُوم ریگستان بَن جائے گا۔
20 لیکن یہُودیؔہ اَب سے اَبد تک آباد رہے گا
اَور یروشلیمؔ پُشت در پُشت قائِم رہے گے۔
21 کیا مَیں اُن بےگُناہوں کے قتل کا اِنتقام لئے بغیر جانے دُوں،
نہیں، بالکُل نہیں۔“

یَاہوِہ صِیّونؔ میں سکونت پذیر ہے۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاست اَور متحدہ ھائے حُقُوق کے سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc
دفتر نشان درج میں وہیں۔ اجازت کے ساتھ اسیعمال کیا ۔جاتاہے
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f